اللهم انی اعوذ بك من الهدم واعوذ بك من التردی واعوذ بك من

الغرق والحرق والهرم واعوذ بك ان يتخبطنی الشيطان عند الموت

واعوذ بك من ان اموت فی سبيلك مدبرا واعوذ بك من ان

اموت لديغا ۞ اللهم انی اعوذ بك من منكرات الاخلاق والاعمال

والاهواء والادواء ۞ اللهم انا نسألك من خير ما سألك منه نبيك

محمد صلی الله عليه وسلم ونعوذ بك من شر ما استعاذ منه نبيك

محمد صلی الله عليه وسلم وانت المستعان وعليك البلاغ ولا حول

وخطائی وعمدی اللهم انی اعوذ بک من دعاء لا یسمع و
من قلب لا یخشع ونفس لا تشبع اللهم انی اعوذ بک من الکسل والهرم
وفتنة الصدر وعذاب القبر اللهم انی اعوذ بک من یوم السوء ومن
لیلة السوء ومن ساعة السوء ومن صاحب السوء ومن جار السوء فی
دار المقامة اللهم انی اعوذ بک من البرص والجنون والجذام وسیء
الاسقام اللهم انی اعوذ بک من الشقاق والنفاق وسوء الاخلاق
اللهم انی اعوذ بک من الجوع فانه بئس الضجیع واعوذ بک من الخیانة
فانها بئست البطانة اللهم انی اعوذ بک من الاربع من علم لا ینفع ومن
قلب لا یخشع ومن نفس لا تشبع ومن دعاء لا یسمع اللهم ربنا آتنا فی
الدنیا حسنة وفی الآخرة حسنة وقنا عذاب النار اللهم اغفر لی
خطیئتی وجهلی واسرافی فی امری وما انت اعلم به منی اللهم اغفر لی
جدی وهزلی وخطائی وعمدی وکل ذالک عندی انت
المقدم وانت المؤخر وانت علی کل شیء قدیر اللهم اغسل عنی خطایای
بالماء والثلج والبرد ونق قلبی من الخطایا کما نقیت الثوب الابیض من
الدنس وباعد بینی وبین خطایای کما باعدت بین المشرق والمغرب

...الرّحمة واجعلنا شاكرين لنعمتك مثنين بها
قابليها وأتمّها علينا ۔ اللّهمّ إنّي أسألك الثّبات في الأمر وأسألك
عزيمة الرّشد وأسألك شكر نعمتك وحسن عبادتك وأسألك لسانًا
صادقًا وقلبًا سليمًا وخلقًا مستقيمًا وأعوذ بك من شرّ ما تعلم و
أسألك من خير ما تعلم وأستغفرك ممّا تعلم إنّك أنت علّام الغيوب
اللّهمّ اغفر لي ما قدّمت وما أخّرت وما أسررت وما أعلنت
وما أنت أعلم به منّي لا إله إلّا أنت ۔ اللّهمّ اقسم لنا من
خشيتك ما تحول به بيننا وبين معاصيك ومن طاعتك ما تبلّغنا
به جنّتك ومن اليقين ما تهوّن به علينا مصائب الدّنيا ومتّعنا
بأسماعنا وأبصارنا وقوّتنا ما أحييتنا واجعله الوارث منّا
واجعل ثأرنا على من ظلمنا وانصرنا على من عادانا ولا تجعل
مصيبتنا في ديننا ولا تجعل الدّنيا أكبر همّنا ولا مبلغ علمنا ولا
رغبتنا ولا تسلّط علينا من لا يرحمنا ۔ اللّهمّ زدنا
ولا تنقصنا وأكرمنا ولا تهنّا وأعطنا ولا تحرمنا وآثرنا
ولا تؤثر علينا وأرضنا وارض عنّا ۔ اللّهمّ ألهمني رشدي

پہرتی ہین یہہ او سحالمین کہ بخشی گئی ہین اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ حیث ہو لیجاوتم
یہہ بین وہ بہیجو بہیجہ پایا جایگی وہ چیز او تجربہ ہی روایت کی حافظ اسمعیل نی کتاب ترغیب مین
ساتہہ سند جید صحیح کی کہ پہونچتی ہی عبد اللہ بن عمرو بن العاص تک کہ کہا اونہون نی جسکو ہوئی حاجت
طرف اللہ تعالے کی پس چاہیی کہ روزہ رکہی بدہ او جمعرات او جمعہ کو او طہارت کری یعنی غسل
یا وضو کری او دخل وقت جمعہ کی نماز کی لیی جاوی او تصدق کری کچہہ یعنی اللہ کی نام پر دے
اور جو یا ہت لیس جمعہ پرہ چکی پرہی اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَاَسْئَلُكَ
بِاسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الَّذِیْ
لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَلَاَتْ عَظَمَتُهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ الَّذِیْ عَنَتْ لَهُ الْوُجُوْهُ وَخَشَعَتْ لَهُ الْاَصْوَاتُ
وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِهٖ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَنْ تُعْطِیَنِیْ حَاجَتِیْ وَهِیَ كَذَا وَكَذَا
یعنی فلانی فلانی حاجت کی جگہہ حاجت اپنی بیان کری پس تحقیق قبول کیجاویگی دعا اوسکی انشاء اللہ تعالے
کہتی ہی عبد اللہ کہیہ دعا نادانونکو نہ سکہانا اسلئی کہ دعا کرینگی ساتہہ اوسکی گناہ پر
سمیع پر او سفیان ثوری جب اوٹہنی کا ارادہ کرتی مجلس سی تو کہتی صلی اللہ وملائکتہ علی محمد

کہولنا اور دیکہنا اور پکڑنا اور قضا حاجات مین اور مین بارہا تجربہ کیا ہی اسکا بس اکثر خوف
رہا کونکی جگہون مین پڑا ہون پس نجات دی مجکو مگر درود بہیجنی نی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر
کذا فی المفتاح منہیہ المؤلف اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ جوکوئی درود بہیجی مجہپر دس بار
پس گویا کہ آزاد کرتا ہی ایک بردہ اور فرمایا کہ وارد ہونگی مجہپر قومین کہ نہین پہچانونگا مین اونکو
مگر بسبب کثرت درود اونکی کی مجہپر اور فرمایا کہ بڑا نجات پانی والا تم مین کا دن قیامت کی ہولون اور
اوسکی موضعون سی بہت بہیجنی والا تمہارا ہوویگا مجہپر درود کا اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ
سی روایت ہی کہ درود بہیجنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر زیادہ نابود کرتا ہی گناہونکو پانی ٹہنڈی
آگ کو یعنی ٹہنڈا پانی جیسی آگ بجہاتا ہی اوس سی زیادہ درود گناہونکو نابود کرتا ہی کذا فی الشفا
اور درود بہیجنا واجب ہی جب کہ ذکر کیا جاوی اور سنا جاوی نام مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کا حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ فرماتی تہی کہ جو کوئی چاہی یہہ کہ پیوی ساتہ پیالی بہری کی
حوض مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی سی تو پڑہی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَ
یا اللہ رحمت بہیج اوپر محمد کے اور اوپر آل اونکی کی
اَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْھَارِہٖ وَ
اور اصحاب اونکی کی اور اولاد اونکی کی اور بیبیون اونکی کی اور جو کہ پیدا ہوئی ہین اونسی اور گہر والون اونکی کی اور سسرال اونکی کی
اَنْصَارِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ وَمُحِبِّیْہِ وَاُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ
اور مددگار اونکی کی اور جماعت اونکی کی اور دوستون اونکی کی اور امت اونکی کی اور اوپر ہمارے ساتھ اونکی سب پر ای بہت رحم کرنیوالی رحم کرنیوالون کی
ایک بزرگ سی منقول ہی کہ اونہون نی امام شافعی سی بعد مرنی کی خواب مین حال اونکا
پوچہا کہا اونہون نی کہ بخشدیا مجکو رب میری نی اور رحم کیا بسبب ذکر کرنی میری کی اس درود کو

ایک رسالہ کی اول مین لکہا ہوں اپنی سی اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد کلما
ذکرہ الذاکرون وصل علی محمد وعلی ال محمد کلما غفل عن
ذکرہ الغافلون اور ایک بزرگ سی منقول ہی کہ لوگ کشتی مین سوار ہوی پس چلی
اور گہیر لیا انکو ظلمت نی آدہی رات دریا کی اور طوفان آیا پس مضطر ہوی اور یقین کیا غرق ہونی کا
پس اسی حال مین تہی کہ ایک شخص نی انمین سی جالین کہ بیٹہا تہا اونگہہ گیا تہا دیکہا انحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کو کہ سکہاتی ہین اوسکو یہہ درود واسطی دفع فتنی اور حصول نجات کی اور فرماتی ہین کہ سکہا
یاروں اپنی کو پس ہین اوسکو ہزار بار وہ شخص کہتا ہی کہ جب ہوشیار ہوا مین تو سکہا یا مینی
اور وہ پڑہنی لگی پس ادا کیا ہزار بار پڑہنی کا پس تین سو بار پڑہا تہا کہ نجات پائی اور وہ جو مین
پہر گئین وہ یہہ ہی اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی آلہ واصحابہ صلوۃ تنجینا
بہا من جمیع الاہوال والآفات وتقضی لنا بہا جمیع الحاجات وتطہرنا بہا من
جمیع السیئات وترفعنا بہا عندک اعلی الدرجات وتبلغنا بہا
اقصی الغایات من جمیع الخیرات فی الحیوۃ وبعد الممات
انک علی کل شیء قدیر اور ایک بزرگ سی منقول ہی کہ جو کوئی کثرت کری
اس درود کی بسبب برکت اسکی کی ساتہہ دیکہنی جمال جہان آرا انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مشرف
ہوتا ہی اللھم صل علی محمد کما امرتنا ان نصلی علیہ

محمد کما هو اهله اللهم صل علی محمد کما تحب و ترضی له اللهم صل علی روح
محمد فی الارواح و علی جسد محمد فی الاجساد و علی قبر محمد فی القبور کذا فی وظائف النبی اور حضرت شیخ عبد الحق
نے جذب القلوب مین لکھا ہے کہ اس درود کی ملازمت سے باطہارت مشرف ہوتا ہے ساتھ رویت سید انام
کی خواب مین اللهم صل علی محمد وآله وسلم کما تحب و ترضی له
اور مفاخر الاسلام مین لایا ہے کہ جو کوئی روز جمعہ کی ہزار بار پڑہے درود یہہ اللهم صل علی محمد
النبی الامی آنحضرت صلی الله علیه وسلم کو خواب مین دیکھیگا یا منزل اپنی بہشت مین دیکھیگا اور اگر نہ دیکھے
تکرار کرے اسکو پانچ جمعہ تک دیکھیگا بفضل الہی و سجیر کو کہ مشرف بخشی اسکو اور جو کوئی شب جمعہ کو دو رکعت
نماز کی پڑہے اور ہر رکعت مین بعد سورہ فاتحہ گیارہ بار آیۃ الکرسی اور گیارہ بار سورہ اخلاص پڑہے
اور بعد از سلام کی سو بار یہہ درود پڑہے اللهم صل علی محمد النبی الامی وآله وسلم
دیکھیگا خواب مین حضرت رسالت مآب کو صلی الله علیه وسلم اگر نصیب اسکے ہوگا تین جمعے سے نہین گذرنیگا انشاء الله
تعالی اور تجربہ کیا ہے اسکو بعضی عزیزونے والحمد لله اور یہہ بہی روایت آئی ہے کہ جو کوئی ادا کرے دو رکعت
نماز کی شب جمعہ کو اور پڑہے ہر رکعت مین بعد از فاتحہ کی قل هو الله پچیس بار اور ہزار بار یہہ درود
پڑہے صلی الله علی النبی الامی دیکھیگا آنحضرت کو خواب مین اور یہہ بہی مجرب ہے اور طریق بہی واسطے
حاصل کرنے اس سعادت کی بیان کئے ہین اور خلاصہ سبکا استغراق ساتھ ذکر آنحضرت کی ظاہر
و باطن مین اور کثرت کرنی درود کی اور دوام توجہ ہے اور مدار کار فضل و عنایت پر ہے

والعبد الموفق اور جبکہ کثرت درود کی سبب ثنا کی علیٰ افضل الصلوٰۃ و السلام ہی بہت فضیلت رکہتی ہی شب دو شنبہ بہی اس حکم میں سابتہ اسکی شریک ہی اسلئی کہ دو شنبہ فاضلہ سی ہی کہ اس میں عرض اعمال بندوں کی درگاہ عزت میں کرتی ہیں احیاء العلوم میں ہی جو کوئی شب دو شنبہ کو چار رکعت نماز کی ادا کری اور پڑہی پہلی رکعت میں بعد از فاتحہ کی سورہ اخلاص دس بار اور زیادہ کری کعت میں دس بار یعنی بیس بار پڑہی اور تیسری رکعت میں تیس اور چوتہی رکعت میں چالیس بار اور بعد از سلام کے بہی پچہتر بار سورہ اخلاص پڑہے اور استغفار کری اپنی لیے اور اپنی والدین کی لئی پچہتر بار اور درود بہیجی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر پچہتر بار بعد از ان حاجت کہ حضرت حق سبحانہ سی چاہی پاوی گا سارے حدیث بیان کی اور بیچ فضیلت درود کے روز پنجشنبہ میں بہی حدیث وارد ہوتی ہی اور مفاخر الاسلام میں لایا کہ حدیث میں آیا ہے کہ جو کوئی درود بہیجی سو بار دن جمعہ کی نہیں محتاج ہونیکا کبہی تمام ہوا کلام حضرت شیخ کا تمام ہوئی فضیلت درود کی

فضائل دعا کی

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی اَلدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ کہ دعا وہی عبادت ہی پہر پڑہی یہہ آیۃ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ اور فرمایا جو کوئی کہ کہولا جاتا ہی اسکی واسطی دروازہ دعا کی تم میں سے کہولیجاتی ہیں اسکیلئی دروازی قبولیت کی یعنی توفیق دعا کی کی ہی اور روایت میں ہی کہ کہولیجاتی ہیں اسکیلئی دروازی بہشت کی اور [illegible]

سبب الاجابۃ کی ابواب الجنۃ آیا ہی اور ذکر کری روایتون مختلفہ مین اشارہ لطیف اسپر ہی کہ دعا
بہر حال خالی فائدہ سی نہین یا سبب قبولیت کی ہوتی ہی مراد بر آتی ہی یا اگر مصلحت وقت حصول مقصود
مین توقف ہوتا ہے تو جزا اوسکی ہاتھہ سی نہین جاتی بلکہ سبب کہلنی دروازون جنت کی ہوتی ہی
کہ آخرت مین ذخیرہ رہتی ہی اور آخرت بہتر ہی دنیا سی فرمایا اللہ تعالی نی وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى (اور آخرت بہتر ہے اور بہت باقی رہنے والی ہے)
اسی لئی آیا ہی کہ بعضی آدمی کہ جنکی دعا تاخیر کرتی ہی دنیا مین جب دیکہین گی اوس نعمت کو کہ
ذخیرہ کی گئی ہی کہینگی کاشکی کوئی دعا ہماری دنیا مین نہ قبول ہوتی تو آخرت مین پورا ذخیرہ
ثواب کا پاتی ہا علی قاری کہولی جاتی ہین اوسکی لئی دروازی رحمت کی اور نہین مانگی جاتی
اللہ تعالی سی کوئی چیز کہ بہت پیاری ہو نزدیک اوسکی اس سی کہ مانگی جاوی عافیت ف
نہین پہیرتی تقدیر معلق کو کوئی چیز مگر دعا اور نہین زیادہ کرتی عمر مین کوئی چیز مگر نیکی ف
مراد تقدیر سی یہان بری چیز ہی کہ جسکی اوتر نیکو آدمی برا جانتا ہی جب توفیق دیا گیا دعا کی
دور کر دیتا ہی اللہ تعالی اوسکو یا آسان کر دیتا ہی پس بمنزلہ دور ہونیکی ہوتی ہی اور نیکی سی مراد
طاعت کہ سبب عبادت تو نکو شامل ہی پس ایک معنی حدیث کی یہہ ہین کہ جب نیکی کی عمر اوسکی ضایع
نہوئی پس گویا کہ زیادہ ہوئی اور دوسری معنی یہہ کہ زیادتی عمر مین حقیقۃ ہوتی ہی کہ لوح محفوظ مین
لکہا گیا ہی کہ فلانا شخص اگر حج کریگا عمر اوسکی چالیس برس کی ہوگی اور اگر جہاد بہی کریگا ساٹھہ
برس کی ہین اگر دونون کی عمر ساٹھہ برس کی ہوئی یہہ زیادتی عمر کی ہوئی اور اگر ایک کیا جالیس

لیکن اوسکو اوسکی بدلی ہی ہ ف یعنی آخرت میں بہت سا ثواب اوسکا دیگا یا بخشیگا کچہہ گناہ
اوسکی عوض کہ اللہ تعالے ضایع نہیں کرتا اجر نیک کار کا پس تاخیر کیسیو تمین طالبکو دعا کا
مکرر تا نچاہیے اسلیے کہ کلام اللہ میں آیا ہی عَسٰی اَنْ تَکْرَهُوْا شَیْئًا وَّهُوَ خَیْرٌ لَّكُمْ وَعَسٰی
اَنْ تُحِبُّوْا شَیْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ہ یعنی بعضی چیز تم مکروہ رکہتی ہو
اور واقع میں وہ تمہاری لیے بہتر ہوتی ہی اور بعضی چیز دوست رکہتی ہو اور وہ بُری ہوتی ہی
تمہاری لیے اور اللہ جانتا ہی اور تم نہیں جانتی پس بہلائی برائی اپنی نہیں جانتا سوای اللہ تعالے
کے پس لازم ہی بندیکو کہ قایم ہووی حق بندگی میں اور سونپی اوسکو امر ربوبیت کا یہہ حدیث
دلیل ہی اسپر کہ دعا بندی کی قبول ہوتی ہی چنانچہ حاکم نے روایت کی ہی کہ بلاویگا اللہ تعالے
ایک مومن کو قیامت میں اور سامنی کہڑا کر کر پوچہیگا ای بندی میری حکم کیا تہا میںنی تجہکو
دعا کریو تو مجہسی میںنی وعدہ کیا تہا کہ قبول کرونگا پس آیا تونی دعا کی تہی کہیگا ہاں ای رب
میری پس فرمایگا اللہ تعالے کہ تحقیق نہیں کی تونی کوئی دعا مگر کہ قبول کی میںنی تیری لیے آیا
نہ فلانی دن دعا نہیں کی تونی کہ دور کروں غم تیرا کہ اوترا تہا تجہپر پس دور کر دیا میںنی تجہسی
کہیگا ہاں سچ ہی ای رب میری پس فرمایگا وہ تو جلدی قبول کی میںنی دعا تیری دنیا میں
اور نے فلانی فلانی روز بہی دعا کی تہی تونی غمکی اوترنی پہ کہ دور کروں اوسکو نہیں دیکہا
تونی دور ہوتا اوس غمکا عرض کریگا ہاں ای رب میری پس فرماویگا ذخیرہ رکہی میںنی

کہ کہان ہی جانتا ہون جسوقت کہ پروردگار تعالی مجکو یاد کرتا ہی یا روزن کی نعمت کیا اور یہہ سمجھا کہ نہین
جانتا ہی تو کہا مین یاد کرتا ہون اوسکو تو وہ بہی مجہی یاد کرتا ہی اور شیخ علی متقی رحمہ اللہ نی لکہا ہی
کہ ذکر یہہ ہی کہ خلاصی پاوی غفلت و نسیان سی ساتہہ دوام حضور قلب کے ساتہہ حق کی اور لیوی نام
خدا تعالی کا ساتہہ زبان مع دل کی اور افضل یہہ ہی کہ ذکر دل اور زبان سی ہو اور اگر ایک ہی سی ہو
تو لیس ساتہہ دل کی افضل ہی ایسا ہی کہا نووی نی شرح مسلم مین اور برابر ہی ذکر ذکر جلالہ کا یعنی
اسم ذات کا یا صفت کا صفات الہی سی یا ایک حکم کا احکام اوسکی سی یا فعل کا افعال اوسکی سی پس
متکلم ذاکر ہی اور فقیہ ذاکر ہی اور مدرس اور مفتی اور واعظ ذاکر ہین اور متفکر عظمت و جلال اوسکی مین
ذاکر ہی ہ مخرجہ ۵ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ فرمایا ہی اللہ تعالی نے کہ مین نزدیک گمان بندے
اپنے کی ہون کہ ساتہہ میرے رکہتا ہی اور مین ساتہہ اوسکی ہون یعنی ساتہہ توفیق و رحمت و مدد کے
جب یاد کرتا ہی مجکو پس اگر یاد کری مجکو نفس اپنے مین یعنی چپکی سی یاد کرتا ہون مین اوسکو ذات
اپنی مین اور اگر یاد کری مجکو جماعت مین تو یاد کرتا ہون مین اوسکو اوس جماعت مین کہ بہتر ہی اوس سے
دیا یا آخر حدیث تلک ف نزدیک گمان بندی اپنے کی ہون یعنی معاملہ کرتا ہون بندے سے موافق گمان
اوسکی کی اور کرتا ہون اوس سی جو توقع رکہتا ہی مجہسی مراد دہی رغبت دلانی اسپر کہ امید اللہ تعالی سے
کے عفو پر غالب رکہی اور اچہا گمان رکہی کہ بخشیگا مجکو جیسا کہ ایک روایت مین آیا ہی کہ اللہ تعالی
ایک شخص کو دوزخ مین لیجانیکا حکم فرمادیگا جب دوزخ کی کنارے پر کہڑا رہیگا تو عرض کریگا کہ ای

کرامی رب میری ہیں اگمان تیری ساتھ اچہا ہا فرماونگا الله تعالی کہ ہیں الله [illegible]

اور حقیقت امید کی یہہ ہی کہ عمل کری اور پہر امید وار بخشش کا رہی اور بغیر عمل کی امید رکہنی [illegible]

یعنی بیفایدہ ہی اور مراد چپکی سی ذکر قلبی ہی یا آہستہ پڑہنا زبان سی اور یاد کرتا ہون ذات اپنی مین [illegible]

بغیر اطلاع عمال اوسکی کسی مخلوق اپنی پر یا چپکی سی دونگا ثواب اوسکو آپ ہی کسیکو نہین [illegible]

یہہ حدیث دلیل ہی اسپر کہ ذکر قلبی افضل ہی جہر زبانی چپکی کا سیتی کہ وارد ہوا ہی کہ وہ ذکر خفی کہ [illegible]

سنتی ہین اوسکو حفظہ یعنی فرشتی اعمال لکہنی والی ستر درجی افضل ہی اور وارد ہوا ہی کہ خیر الذکر

الخفی جماعت بہتر یعنی ملائکہ مقربین اور ارواح انبیاء کی لیس دلیل ہوئی یہہ حدیث مذہب معتزلہ کی

کہ ملائکہ افضل ہین سب انبیاء اور بشر سی اور آخر حدیث کا یہہ ہی کہ اگر کوئی نزدیکی ڈہونڈہی اور

آوی طرف میری ایک بالشت نزدیکی ڈہونڈہتا ہون مین اوسکی طرف ایک ہاتہہ اور اگر نزدیکی

ڈہونڈہی ساتہہ میری ایک ہاتہہ تو نزدیکی ڈہونڈہتا ہون مین طرف اوسکی بمقدار پہیلانی دونون ہاتہون کی

اور اگر آوی میری پاس چلتا ہوا تو آتا ہون مین طرف اوسکی تیز رو حاصل یہہ کہ اگر تہوڑی سی سعی کوئی

وہ ہر کرتا ہی تو وہاں سی توجہ اور التفات اور رحمت اوس سی زیادہ ہوتی ہی ۔ ع مجرد فرمایا

آنحضرت صلی الله علیہ وسلم نی کیا نہ خبر دون مین تمکو ساتہہ بہترین عملون تمہاری کی اور زیادہ پاکیزہ

کی نزدیک بادشاہ تمہاری کی اور ساتہہ سبب بلند اعمال کی درجون تمہاری مین اور اچہی خرچ

اور ساتہہ بہتر اعمال کی تمہاری لیی خرچ کرنی سونی اور چاندی کی اور اچہی ساتہہ بہتر [illegible]

اس سی کہ لڑو تم دشمنون اپنی سی یعنی کافرون سی غزا مین پہر مارو تم گردنین اونکی یعنی مار ڈالو یعنی
اونکو اور مارین وہ گردنین تمہاری یعنی سبکی یا بعضون کی کہا اصحاب نی ہان خبر دیجیی فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ وہ ذکر اللہ کا ہی ف اچہا ہونا ذکر کا اور بلند ہونا اوسکا اس سبب سے ہی کہ تمام
عبادتین مالیہ اور بدنیہ مشاقہ قسم خرچ کرنی سونی اور چاندی سی اور لڑنی کفار سی وسیلی ہین
طرف تقرب جناب الٰہی تعالی کی اور ذکر مقصود اعلی ہی کہ فرمایا اللہ تعالی نی اَنَا جَلِیسُ مَن ذَکَرَنِی
یعنی مین ہمنشین اوسکا ہون کہ جو یاد کرتا ہی مجکو پس ذکر خلاصہ عبادات و طاعات کا ہوا اور افضل
انواع ذکر کا قرآن شریف ہی چنانچہ فضیلت اوسکی اوپر مذکور ہوچکی آور پڑہنا پڑہانا علوم دینیہ کا
افضل ہی بڑی ذکر سی جیسیکہ اکثر حدیثون سی معلوم ہوتا ہی اسلیی کہ یہہ ذکر با معنی ہی اور سبب عمل کا ہی
اور مشہور یہہ ہے کہ عبادت متعدی کہ نفع اوسکا غیر کو پہنچی افضل ہی عبادت لازمی سی کہ نفع اوسکا
خاص کرنیوالیکی ذات پر ہو ولیکن یہہ مخصوص ساتہہ غیر ذکر کی ہی اور ذکر اوس سی مستثنی ہی وَلَذِکْرُ
اللہِ اَکْبَرُ ع ہ نہین کوئی شی بہتر ذکر خدا سی ... بتحقیق اللہ کی لیی فرشتی ہین یعنی سوای
حفظہ کی کہ مقصود اونکی چلنی ذکر کی ہین پہرتی ہین راہون مین ڈہونڈہتی ہین ذکر کرنیوالونکو یعنی
تاکہ اونسی ملین اور دعا کرین اونکی لیی پس جب پاتی ہین بعضی اونکی ایک جماعت کو کہ یاد کرتی ہین
اللہ عز و جل کو پکارتی ہین آپسمین آؤ تم طرف حاجت اپنی کی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی
کہ پس گہیرتی ہین اونکو ساتہہ پرون اپنی کی آسمان دنیا تک فرمایا آخر حدیث تک ف باقی حدیث

کہتے ہیں فرشتے ۲

یہہ ہی کہ جب فرشتے جناب باری تعالیٰ میں جاتی ہیں تو پوچھتا ہی اللہ تعالیٰ ... حال آنکہ وہ بہت جانتا ہی اونسی کیا کہتی ہیں بندی میری فلانکہ جاہین عرض کرتی ہیں کہ پاکی او بڑائی کی یاد کرتی ہیں تجھکو اور تعریف کرتی ہیں تیری اور ساتھ بزرگی کی یاد کرتی ہیں پس فرماتا ہی کیا دیکھا ہی اونہون نی مجھکو عرض کرتی ہیں فرشتے قسم ہی اللہ کی نہین دیکھا اونہون نی تجھکو پس فرماتا ہی اگر دیکھیں وہ مجھکو تو ہو دین وہ بہت کرنیوالی عبادت تیری اور بہت بیان کرین بزرگی تیری اور بہت کرین تسبیح تیری پہر فرماتا ہی اللہ تعالےٰ کہ پس کیا مانگتی ہیں مجھسی عرض کرتی ہیں فرشتے کہ مانگتی ہیں تجھسی بہشت فرماتا اللہ تعالےٰ کہ کیا دیکھی ہی اونہون نی بہشت عرض کرتی ہیں فرشتے قسم ہی اللہ کی ای رب ہمارے نہین دیکھی اونہون نی بہشت فرماتا ہی اللہ تعالےٰ کہ پس کیا حال ہو اگر دیکھیں وہ بہشت کو عرض کرتی ہیں فرشتے اگر دیکھیں وہ بہشت ہوں بہت حرص کرنیوالی اوسپر اور بہت طلب کرین اوسکو اور بہت رغبت کرین اوسمین پہر فرماتا ہی اللہ تعالےٰ کہ کسچیز سی پناہ مانگتی ہیں عرض کرتی ہیں فرشتے کہ پناہ مانگتی ہیں دوزخ سی فرماتا ہی اللہ تعالےٰ کہ پس کیا دیکھا ہی اونہون نی اوسکو عرض کرتی ہیں فرشتے کہ قسم ہی اللہ کی ای رب نہین دیکھا اونہون نی اوسکو فرماتا ہی اللہ تعالےٰ کہ پس کیا حال ہو اگر دیکھیں وہ اوسکو عرض کرتی ہیں فرشتے کہ اگر دیکھیں اوسکو ہوں بہت بہاگنی والی اوس سی اور بہت ڈرنیوالی اوس سی فرماتا ہی کہ پس گواہ کرتا ہوں میں تمکو کہ تحقیق میں بخشدیا میں نی اونکو ... [illegible]

فضیلت مجلس ذاکرین کی

شخص اپنا بیٹہا تہا ذکر کرنیوالونمین نہین ہی ذکر کرنیوالا سوای اسکی نہین کرا یا تہا کسی کام
کی فرماتا ہی اللہ تعالی کہ وی ایسی بیٹہنی والی ہین کہ نہین بدبخت ہوتا ہمنشین اونکا ۱۱ مشکوۃ
مثال اوس شخص کی کہ یاد کرتا ہی پروردگار اپنی کو یعنی ہمیشہ یا کبہی کبہی اور اوس شخص کی کہ نہیں
یاد کرتا ہی پروردگار اپنی کو یعنی مطلق یا کبہی کبہی مانند زندی اور مردی کی ہی ۱۱ نہین بیٹہتی ہی
قوم کہ یاد کرتی ہی اللہ تعالیٰ کو مگر کہ گہیر لیتی ہین اونکو فرشتی یعنی وہ جو ذکر کرنیوالو نکو ڈہونڈہتے
پہرتی ہین اور ڈہانپ لیتی ہی اونکو رحمت اور اوترتی ہی اوپر سکینہ یعنی خاطر جمعی اور یاد
کرتا ہی اونکو اللہ تعالیٰ اون لوگونمین کہ نزدیک اوسکی ہین ۱۱ ایک صحابی نی عرض کیا کہ ای رسول خدا
کی تحقیق شرایع اسلام کی بلاشبہ بہت غالب ہوئی ہین مجہپر پس خبر دو مجکو ساتہہ ایسی چیز کی کہ
بہروسا کرون مین اوسپر فرمایا ہمیشہ تازہ رہی زبان تیری اللہ تعالیٰ کی ذکر سی ۱۱ کہا معاذ نی
کہ آخری کلام کہ جدائی کی میٹہی اوسپر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سی یعنی وقت رخصت کی مین کو
یہہ تہا کہ عرض کیا مینی کونسا عمل بہت پیارا ہی نزدیک اللہ تعالیٰ کی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نی کہ مرے تو اور حال یہ ہو کہ زبان تیری تر ہو اللہ کی ذکر سی ۱۱ کہا معاذ بن جبل رض نی کہ عرض
کیا مینی ای رسول خدا کچہہ نصیحت کرو مجکو فرمایا لازم کر اپنی پر تقوی اللہ کا جب تلک طاقت رکہی تو
اور یاد کر اللہ کو نزدیک ہر پتہر اور درخت کی اور جو کچہہ کی ہو تونی برائی یعنی گناہ یا غفلت پس
پیدا کر واسطی اوس کی توبہ یعنی بیچ حق اوسکی برائی کی لیئی توبہ تو بہ پوشیدہ بیچ گناہ

ذکر اللہ کیسی یعنی ذکر کی برابر کوئی عمل اللہ کی عذاب سی قیامت کو چھٹکارا نہین کروانیکا یہہ سبب
افضل ہی الخ عرض کیا صحابہ نے اور نہ جہاد اللہ کی راہ مین فرمایا اور نہ جہاد اللہ کی راہ مین مگر یہہ کہ مارے
ساتھہ تلوار اپنی کی یہانتک کہ ٹوٹ جاوی تلوار فرمایا اسکو یعنی اور نہ جہاد آخر تک کو تین بار ف
اور نہ جہاد یعنی جو جہاد خالی ہو ذکر سی اور جس جہاد مین ذکر بھی ہو نری ذکر سی افضل ہوگا حاصل
یہہ کہ نرا ذکر افضل ہی اور نری عبادت سی یعنی جو خالی ہو ذکر سی لیکن جب ذکر ملیگا ساتھہ
ایک عمل کی پس شک نہین کہ وہ افضل ہوگا نری ذکر سی ۹۱ الخ ع الخ اگر تحقیق ایک آدمی ہو
کہ اوسکی گود مین درہمین ہون کہ بانٹتا ہو اونکو یعنی اور ذکر نکرتا ہو اور دوسرا ہو کہ ذکر کرتا ہو اللہ کا
یعنی اور درہمین نہ بانٹتا ہو تو ہوگا ذکر کرنیوالا خالص واسطی اللہ کی افضل ۹۲ الخ جب گذرو تم جنت
کی باغون مین پس میوہ کہاؤ کہا صحابیون نی ای رسول اللہ کی اور کیا ہین باغ جنت کی فرمایا
حلقی ذکر کی ف معنی یہہ ہین کہ جب گذرو تم ایک جماعت پر کہ یاد کرتی ہون اللہ تعالی کو ایک
مکان مین تو تم بھی اونکی ساتھہ یاد کرو یا سنو ذکر اونکی متابعت اصلی کہ وہ باغ جنت مین ہین
اب بھی اور آیندہ کو بھی فرمایا اللہ تعالی نی وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ
اور اوسکی لیے کہ ڈرے کہڑے ہونے سی اپنی رب کے سامنی دو باغ ہین
بعضون نی جنتان کی یہہ بھی معنی کہی ہین کہ ایک جنت دنیا مین یعنی حلقی ذکر کی اور دوسرا
عقبی مین اور میوہ کہاؤ یعنی کرو اوسمین وہ چیز کہ سبب اوسی حاصل ہونی باغون جنت کا
قسم تسبیح اور تحمید اور تہلیل سی اور بعضی شارحین حدیث نی لکہا ہی حلقی ذکر کی مسجد مین

مراد ہین اونہون نی حمل کیا ہی اس حدیث پر کہ مضمون اوسکا یہہ ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی جب گذرو تم جنت کی باغون پر چرو تم ابو ہریرہ نی کہا کیا ہین وہ فرمایا مسجدین ابو ہریرہ کہا چرنا اونکا کیا ہی فرمایا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ مگر ملا علی قاری نی لکہا ہی کہ ظاہر تو یہہ ہی کہ یہان مطلق حلقی مراد ہین اور حلقی مسجد کی افضل ہوتی ہین طبرانی نی تخریج کیا فرماتا ہی اللہ عز وجل قریب ہی کہ جانینگی صاحب جمع کی یعنی قیامت والی یا وسند کہ کون ہین صاحب بزرگی کی یعنی لائق اکرام کی کہ جن پر اللہ تعالے انعام و بخشش کریگا عرض کیا صحابہ نی کہ کون ہین صاحب بزرگی کی اے رسول اللہ کی فرمایا اہل مجالس الذکر فی المساجد یعنی صاحب مجلسون ذکر کی مسجدون مین نہین کوئی آدمی مگر کہ اوسکی دل کی لیے دو مکان ہین ایک مین اوسکی فرشتہ ہی یعنی الہام کرتا ہی اچہی باتین اور ذکر خدا کا اور دوسرے مین شیطان ہی یعنی بری وسوسی اور غفلت ڈالتا ہی دلمین پس جب یاد کرتا ہی اللہ تعالے کو یعنی بسبب الہام فرشتی کی پیچہی ہٹ جاتا شیطان اور جب نہین یاد کرتا اللہ تعالے کو یعنی بسبب اعراض کی فرشتی کی الہام سی رکہتا ہی شیطان منہ اپنا اوسکی دلمین اور وسوسی ڈالتا ہی اوسکی لیے طبرانی جو کوئی نماز پڑہی فجر کی جماعت مین پہر بیٹہا ہوا یاد کرتا رہی اللہ کو یہان تک کہ نکلی آفتاب یعنی بقدر یک نیزہ بلند ہو کہ کراہت نماز کی نرہی پہر نماز پڑہی دو رکعت ہوتا ہی ثواب اوسکی لیے مانند ثواب حج یعنی بسبب قائم کرنی فرض کی جماعت سی اور مانند ثواب عمرہ کی پوری پوری پوری کی یعنی

اور اکری سنت کی ۱۵۲ یاد کرنیوالا اللہ کا غفلت کرنیوالونمین یعنی اللہ کی یاد سی کہ مشغول ہون
بیع وشرا مین بازارونمین بیچ مرتبا صبر کرنیوالیکی ہی یعنی غازی مجاہد کی ہی بہاگنی والونمین
یعنی حریف کی لڑائی سی ۱۵۳ نہین کوئی قوم کہ بیٹہین ایک مجلسمین جدا ہون اوس سی اور نہ یاد کرین
اللہ کو اوسمین مگر گویا کہ جدا ہوئی مردار گدہی کی ایسی ہوگی یہہ مجلس اونپر حسرت قیامت کے دن ۱۵۴ اور نہین
چلتا کوئی کسی راہ مین کہ نہ یاد کرتا ہو اللہ کو اوسمین مگر ہوگا نہ ذکر کرنا اوسپر موجب حسرت کا اور نہین جگہہ پکڑتا
کوئی بستر اپنی پر کہ نہ یاد کری اللہ کو اوسمین مگر کہ ہوگا ذکر نکرنا اوسپر موجب حسرت کا ۱۵۵ تحقیق ایک پہاڑ
پکارتا ہی دوسرے پہاڑ کو ساتہہ نام اوسکی یعنی جس نام سی مشہور ہی جیسی جبل احد وغیرہ اوس فلانی
یعنی نام لیتا اوسکا کیا گذرا ہی تجہپر کوئی کہ یاد کرتا ہو اللہ کو پس جب کہتا ہی پہاڑ دوسرا کہ ہان گذرا ہی
خوش ہوتا ہی پہاڑ پوچہنی والا فرمایا آخر حدیث تک ۱۵۶ تحقیق اچہی بندی خدا کی وہ ہین جو محافظت کرتی
ہین سورج اور چاند اور ستارون اور سایون کی یعنی درختون اور دیوارون وغیرہ کی سایونکی
واسطی یاد الٰہی کی ۱۵۷ نہین حسرت کرینگی بہشتی مگر اوس ساعت پر کہ گذری اونپر اور نہ یاد کیا اونہون نے
اللہ تعالیٰ کو اوسمین ۱۵۸ ف یہہ حسرت قیامت کی دن ہوگی پہلی داخل ہونیکی جنت مین اسلیئے کہ بعد
داخل ہونیکی حسرت کہان ہوگی سواسی جبین ذوق عبادت کی نہ پایا وکیا اللہ کو اگرچہ چپکا رہا اوسمین
پس کیا حال ہی اونکا جو مشغول رہتی ہین اوس ساعت مین لایعنی اور گناہ کی باتون مین مقصود یہہ ہی
کہ دنیا ہی ساعت کہ اوسمین طاعت نہ حاصل ہوا وسمین ندامت روز قیامت کا رع ثابت کردیا ۔

اللہ کی یہاں تلک کہ لوگ کہیں تو دیوانہ ہے ف یعنی کہیں بعضی جاہل و غافل کہ یہ
کہ دیوانہ ہے اسلیئے کہا ہے امام غزالی رح نے کہ اگر ہوتے اصحاب ہمارے زمانے مین تو لوگ کہتے کہ وہ
دیوانے ہین اور وہ کہتے لوگونکو کہ یہہ ایمان نہین لائے قیامت پر پس لائق ہے کہ لوگون کی کہنے کا
خیال نکرے اور ذکر بہت کرتا رہے اور حقیقت مین بڑی بزرگی ہے اسکو کہ خطاب انبیا علیہم السلام
کہ افضل البشر ہین ملا کہ احمق بعضی انبیا کو بھی دیوانہ کہتے تھے ملا ح ملا تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کہ حکم کرتے تھے یہہ کہ نگہبانی کیجاوے تکبیر یعنی اللّٰہُ اَکبَر ملا اور سُبحَانَ المَلِکِ
القُدُّوس اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور یہہ کہ گنی جاوے ہر ایک تسبیح وغیرہ ساتھہ انگلیونکی
فرمایا اسلیئے کہ تحقیق وہ پوچھی جاوینگی یعنی اعمال انگلیون سے لون کیسی طلب گویائی کی کیجاویگی
یعنی اللہ تعالے گویائی پیدا کریگا تاگواہی دین عمل حسنہ اپنی کی پر ملا لازم کرو اے عورتون اپنی
سُبحَانَ اللّٰہِ کہنا اور سُبحَانَ المَلِکِ القُدُّوس اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور نہ غافل ہو
ذکر سے پس بھلائی جاوگی رحمت سے ملا کہا ابن عمر نے کہ دیکھا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ
گنتے تھے تسبیح کو ساتھہ دائین ہاتھہ اپنے کے ملا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ البتہ بیٹھنا مین
ساتھہ ان قوم کے کہ یاد کرتے ہین اللہ تعالے کو بعد نماز فجر کیسے آفتاب کے نکلنے تلک محبوب تر ہے
نزدیک میرے اس سے کہ آزاد کرون مین چار شخص اسمعیل کی اولاد سے اور البتہ بیٹھنا میرا ساتھہ ان قوم
کے کہ یاد کرتے ہین اللہ تعالے کو عصر کی نماز سے آفتاب کے غایب ہونے تلک محبوب تر ہے نزدیک

میری اس سی کہ آزاد کرو مجہین چار بردہ سی ئلا آگی بڑہ گئی مفرد یعنی تنہا چلنی والی اور سبکبار
کہا صحابہ نی کون ہین مفرد فرمایا وہ مرد کہ یاد کرین خداکو بہت اور وہ عورتین کہ یاد کرین
خداکو بہت اور بعض نی یہہ جواب نقل کیا ہی کہ فرمایا مفرد وہ ہین کہ شیفتہ اور فریفتہ ہوئن
اللہ کی یاد مین کہ دور کریگا ذکر اونسی بوجہہ اونکی یعنی گناہ پس آوینگی قیامت کی دن ہلکی ہلکی
ف یعنی صحابہ نی پوچہا کہ کیا صفت ہی مفردون کی فرمایا کہ تنہائی حقیقی اعتبار کے
لائق تنہائی نفس کی ہی اللہ کی ذکر کی لئی جب پہنچی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمارہ جمدان پر
کہ ایک منزل ہی مدینہ سی تو صحابہ مشتاق وطن کی ہوئی یعنی چہڑی ہوکر اون سی پہلی
وطن کو روانہ ہوئی پیچہی رہنی والونکو حضرت نی فرمایا کہ گہر قریب پہنچا جلد چلو کہ بعضی چہڑی ہوئی
ہوکر آگی پہنچ گئی صحابہ نی صفت مفردون کی یعنی چہڑونکی پوچہی فرمایا حاصل اوسکا یہہ ہے
کہ معنی ان مفردونکی ظاہر ہین اس سی کیا سوال کرتی ہو بلکہ پوچہو صفت کرنیوالی انکیو نکی
کہ وہ ہین کہ خالص وتنہا کیا نفس اپنی کو اللہ کی ذکر کی لئی اور مراد کثرت سی مواظبت وہمیشگی
کرنی ہی ذکر پر بغیر غفلت کی اور جو غفلت ہو بہی جاوے تو جلدی دور کر کر مشغول ہو ذکر مین
اور ابن عباس نی کہا کہ کثرت ذکر کی حاصل ہوتی ہی ساتہہ ذکر کرنیکی بعد نمازونکی اور صبح
وشام سوتی بیٹہی وغیرہا کہ جسطرح منقول ہی حدیث شریف مین ئلا سید ع ئلا تحقیق اللہ تعالی
نی حکم کیا یحیی زکریا کی بیٹی کو ساتہہ پانچ باتون کی یعنی توحید اور نماز اور روزہ اور صدقہ

اور ذکر کی یہہ کہ عمل کری ساتھہ اونکی اور حکم کری بنی اسرائیل کو یہہ کہ عمل کرین ساتھہ
اور ذکر فرمایا حضرت نی حدیث کو یعنی حدیث دراز ہی ساری بیان فرمائی یہانتک کہ
یحیی نی اور حکم کرتا ہون تمہین تمکو یہہ کہ یاد کرو اللہ کو پس تحقیق مثال یاد کرنیوالیکی مانند مثال
ایک شخص کی ہی کہ نکلا دشمن پیچہی اوسکی دوڑتا ہوا یعنی تا اوسکو پکڑلی یہان تلک کہ جب آیا
قلعہ محکم پر پس بچایا جان اپنی کو اون شمنوںسی اسیطرح بندہ نہین بچاتا ہی نفس اپنی کو شیطان سی
مگر ساتھہ ذکر اللہ تعالی کی ۱۲ قسم ہی اللہ کی البتہ یاد کرتی ہی اللہ کو ایک قوم دنیا مین اوپر بچہونی
بچہی ہوئی کی داخل کریگا اونکو اللہ تعالے بہشتون بلند مین ۱۲ تحقیق وہ لوگ کہ ہمیشہ ہین زبانین
اونکی تر یاد اللہ کیسی داخل ہونگی بہشت مین اوسحالمین کہ وہ خوش ہونگی ۱۲ آداب دعا کی
بعضی اونمین سی وہ ہین کہ پہنچتی ہین رکن کی درجی کو اور بعضی شرط ہین اور بعضی سوا سی ان
دونون قسمونکی حکمونسی یعنی مستحبات اور چیزون منع کی گئی سی یعنی مکروہات اور سوائے
اسکی یعنی اوہ چیزیں سی کہ کرنا اوسکا بہتر ہو ترک اوسکیسی ۱۲ اور وہ آداب دعا کی بجا لانا حرام سی
کہانی مین اور پینی مین اور پہنی مین اور کسب نہین ۱۲ اور اخلاص یعنی خالص کر کر دعا کرنی
واسطی اللہ تعالی کی ۱۲ اور پہلی کرنا عمل اچہا یعنی دعا کی پہلی کچہہ نیک کام کری مثل نماز
وصدقہ وغیرہا کی ۱۲ اور یاد کرنا عمل اچہیکا نزدیک سختی کی یعنی کچہہ نیکی اپنی یاد کرکر دعا کری جیسی کہ
قصہ غار والی کا مشہور ہی ۱۲ اور ستہرائی یعنی میل کچیل سی اور پاکی یعنی نجاست سی ۱۲ اور ...

[illegible marginal handwritten notes]

اور منہہ کرنا قبلے کیطرف ط اور نماز پڑہنی یعنی دعا کہ مانگتا ہی بعد نماز کی واقع ہو کہ نماز کے
پہلی پڑہنی قبیل تقدیم عمل صالح کیسی ہی ط اور بیٹہنا دو زانو ط اور تعریف کرنی خدا تعالی کی
اول و آخر دعا کی ط اور درود بہیجنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اسیطرح یعنی اول و آخر دعا کے
اور کہولنا دونوں ہاتہونکا یعنی ہاتہہ بند نرکہی ط [۸۱] اور اوٹہانا دونوں ہاتہونکا طرف آسمانکی
اور یہہ کہ موڈہی اوٹہانا دونوں ہاتہون کا برابر مونڈہونکی ط [۸۲] اور کہولنا دونوں ہاتہونکا
یعنی آستین وغیرہ سی ط [۸۳] اور آداب پکڑنا یعنی اچہی اخلاق پیدا کری مثل سچ بولنی کی
اور امانت اور سخاوت وغیرہا کی ظاہر و باطن قولا اور فعلا یا ادب کری اگرچہ بتکلف ہو ط
اور خشوع یعنی فروتنی کرنی دل سی ط [۸۴] اور ظاہر کرنا مسکینی اور ذلت کا ساتہہ فروتنی تمام
اعضا کی ط اور یہہ کہ نہ اوٹہاوی دعا کرنیوالا آنکہہ اپنی طرف آسمان کی ط اور یہہ کہ
دعا کری اللہ تعالی سی ساتہہ وسیلی ناموں اوسکیکی کہ اچہی ہین اور صفتوں [۸۵] اوسکیکی کہ بڑی
ہین ط اور یہہ کہ پرہیز کری سجع یعنی قافیہ بندیسی [۸۶] اور تکلف کرنی سجع کیسی ط اور یہہ کہ نہ تکلف کری
گانیکا ساتہہ خوش آوازیکی یعنی بطور موسیقی کی ط اور یہہ کہ وسیلہ پکڑی طرف اللہ تعالی کے
ساتہہ نبیون [۸۷] اوسکیکی اور وسیلہ پکڑی ساتہہ صالحین [۸۸] یعنی نیکون کی یعنی سوای
نبیونکی صدیقونکا اور علماء کا اور شہداء کا ط اور پست کرنا آواز کا ط [۸۹] اور اقرار کرنا ساتہہ
گناہونکی ط اور اختیار کرنا دعاؤن صحیحہ کا کہ روایت کی گئین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی اسلئے کہ تحقیق

اونہون نی نہین چہوڑی ہی کوئی حاجت یعنی بابِ دعا مین اور غیر دعا مین طرف غیر
ف اولیٰ یہہ ہی کہ وہ دعائین پڑہی جو سرورِ عالم سی ثابت ہوئی ہین ہر حالمین لیکن دعا مین
مشغول ہونا اور حضرت کی دعاؤنکو چہوڑ دینا غفلت صریحہ ہی ط اور اختیار کرنا دعائی
جامعہ کا ط اور یہہ کہ شروع کری ساتہہ نفس اپنی کی اور یہہ کہ دعا کری واسطی ماں باپ اپنی کی
اور اپنی بہائیون مومنین کے ط اور یہہ کہ نہ خاص کری نفس اپنی کو ساتہہ دعا کی اگر ہووی امام
ف یہہ ادب منہیات سی ہی معنی یہہ ہین کہ اگر امام لوگونکا دعا مین ہو مثل قنوت وغیرہا کی
کہ امام دعا کری اور مقتدی آمین کہتی رہین جیسیکہ مذہب شافعی ہی لیکن ہمارے نزدیک اگر اپنی نفس کو
دعا مین خاص کری تو خیانت ہی لیکن جب سجدہ مین یا تشہد مین اور غیر انکی مین امام اپنی نفس کی
لئی دعا کری تو خیانت نہین چنانچہ ثابت ہوئی ہی سرورِ عالم سی کذا فی المنہیہ اور اگر امام
اپنی لئی ہی دعا کی اور پیچہی مقتدیون کو بہی شریک کیا تو خاص کرنا اپنی نفس کا نہ ہوا لیکن اگر
نری اپنی لئی ہی دعا کرنا ہی اثناء دعا مین تخصیص ہوئی یہہ منع ہی کذا قال استادی
اور یہہ کہ سوال کری ساتہہ قصد کی ط اور یہہ کہ دعا کری ساتہہ رغبت کی یعنی نہایت خواہش
سی نہ بی پروائی سی ط اور یہہ کہ نکالی دعا دل اپنی سی ساتہہ کوشش و کوشش کی اور یہہ کہ
حاضر کری دل اپنی کو اور اچہی رکہی امید اپنی ط اور یہہ کہ مکرر کری دعا کو یعنی ایک مجلس مین
یا کئی مجلسون مین ط اور ادنیٰ تکرار کا تین بار کہنا ہی ط اور یہہ کہ مبالغہ کری دعا مین

اور یہہ کہ نہ دعا کری ساتہہ گناہ کی اور کاٹنی ناتی کی ف ساتہہ گناہ کی یعنی ساتہہ ایسی
چیز کی کہ اوسکی سبب سی گناہ مین پڑی جیسیکہ دعا کری کہ یا اللہ خلیسی ربی دی کہ ناچ رنگ مین
خرچ کرون اور مانند اسکی ایسی دعا نکری کہ کمال بی ادبی ہی اور ساتہہ کاٹنی ناتیکی کہ فلانی ناتی دار
سی بیچ چہپی ایسا ہو جاوی اور مین سلوک کرون اوس سی اسکو تخصیص بعد تعمیم کہتی ہین اسلیئی کہ قطع
رحم گناہ مین داخل تہا پہر جدا بیان کیا زیادتی اہتمام کی لیئی ۱۲ ع اور یہہ کہ نہ دعا کری ساتہہ
اوس کام کی کہ تحقیق فراغت کی گئی اوس سی ۱۲ اور یہہ کہ نہ تجاوز کری حد سی دعا مین ساتہہ اس
طرح کی کہ دعا کری ساتہہ محال کی یعنی مانند طلب نبوت کی یا ساتہہ اوس چیز کی کہ بیچ معنی محال
کی ہو ۱۲ اور یہہ کہ نہ تنگ کری رحمت خدا کو یعنی یون نکہی کہ ای اللہ مجکو بخش مری سوا کسیکو نہ بخش
اسکی کہنی مین اللہ کے رحمت مین تنگی کرنی ہوتی ہی ۱۲ اور یہہ کہ مانگی خدا سی سب حاجتین اپنی
اور آمین کہنی دعا کرنیوالیکی اور سننی والیکی یعنی پیچہی فراغ کی ۱۲ اور ملنا موہنہ اپنی کا ساتہہ
دونون ہاتہون اپنی کی پیچہی فراغت پانیکی دعا سی ۱۲ اور یہہ کہ نہ جلدی کری ساتہہ اس طرح کی کہ
دیر جانی قبولیت کو یا نہ کہی دعا کی بیشی لیکن نہ قبول کی گئی میرلیئی ۱۲ آداب ذکر کی
کہ لازم و مستحب ہی رعایت اونکی وقت ذکر کی ۱۲ کہا علما حدیث کی نی کہ لائق ہی کہ ہووی جگہہ
جسمین یاد کرتا ہی اللہ تعالی کو پاکیزہ خالی ف پاکیزہ ہو کوڑی کرکٹ میل کچیل سی اور نجاست
سی بطریق اولی پاک چاہیئی کہ اسمین تعظیم باریتعالی کی ہی اسی لیئی مستحسن ہی کہ ذکر مکان

حکم کیا گیا ہی ساتھہ اوسکی شرع مین فرض ہو یا مستحب نہین اعتبار کیا جاتا کچھہ اوس سے
یہان تلک کہ بولی اوسکو اور سنائی نفس اپنی کو ف یہہ تمام حکم بیچ اوس ذکر کی ہین کہ شارع نی
حکم کیا ہی کہ پڑہا جاوی زبان سی جیسی قرأت نماز کی اور التحیات وغیرہا لیکن یہہ معنی نہین کہ
جو یاد کری اللہ کو دلمین بغیر بولنی زبان کی نہین ہوتا ہی شرع مین عبث لیکن کہ ہمیشگی ذکر کی
نہین متصور ہوتی بغیر دلکی بلکہ ذکر دلکا افضل قسم ہی کہ وارد ہوا ہی خیر الذکر الخفی و خیر الرزق
ما یکفی یعنی بہتر ذکر ذکر خفی ہی اور بہتر رزق وہ ہی کہ جو بقدر کفایت کی ہو شارع نی اور بہترین
ذکر کا قرآن پڑہنا ہی مگر بیچ اوس جگہہ کی کہ مشروع ہی ذکر ساتھہ غیر قرآن کی اور نہین ہی فضیلت
ذکر کی منحصر بیچ کہنی لا الہ الا اللہ کی اور سبحان اللہ کی اور اللہ اکبر کی بلکہ جو باعبادت
اللہ کی ہی کسی کام مین بس وہ ذکر کرنیوالا ہی یعنی حکما کہا ہی علمائی اور جب ہمیشگی کرتا ہی
بندہ اوپر ذکر ونکی کہ روایت کی گئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی صبحکو اور شام کو اور بیچ حالتون
اور وقتون مختلفہ کی رات کو اور دنکو تو ہوتا ہی بہت ذکر کرنیوالون مردون سے خدا تعالی کو اور
عورتون بہت یاد کرنیوالیون سی اور لائق ہی واسطی اوس شخص کی کہ ہو اوسکی لیئی وظیفہ
بیچ اکوقت کی رات مین یا دن مین یا پیچھی نماز کی یا سوا ای انکیکی یعنی جمعہ مین یا مہینی مین
یا سالمین پس فوت کری اوسکو یعنی بعذر یا بلا عذر تو لائق ہی کہ تدارک کری اوسکا اور بجالاوے
اوسکو جبکہ ممکن ہو اوسکو اور نہ چہوڑی اوسکو بالکل تو کہ عادت پڑی رہی ملازمت کی یعنی مداومت

ومحافظت کی ورد پر اور نہ سستی کری اوسکی قضا رمین **اوقات الاجابة**

یہہ بیان ہی وقتون قبولیت دعا کا یعنی ان وقتون مین دعا بہت قبول ہوتی ہی اونمین سی
ایک تو لیلۃ القدر ہی ط طبرانی نی ابن الکوم سی نقل کیا ہی کہ اوس رات مین درخت سجدہ کرتی
ہین اور اوس شب مین بیدار رہنی کا بڑا ثواب آیا ہی اور مختار یہہ ہی کہ معتبر جاگنی رہنا
اکثر رات کا ہی یعنی آدہی رات سی زیادہ اور اگر سارے رات جاگی اور موجب ملال اور خلل کا
ادای فرائض اور سنتون موکدہ مین ہنو تو افضل ہی الا بقدر کہ توفیق قیام کی بادی
مقصود حاصل ہی ط فتح ط اور دن عرفہ کا یعنی نوین تاریخ ذیحجہ کی ط اور مہینا رمضان کا ط
اور رات جمعہ کی ط اور دن جمعہ کا ط اور آدہی رات اور بعض روایت مین ہی آدہی رات اخیر ط
اور تہائی رات اول کی ط اور تہائی رات اخیر کی ط اور درمیان تہائی رات آخر کا یعنی شروع
چھٹی حصی کا ط اور وقت سحر کا ط اور ساعت جمعہ کی بہت امید والی ان وقتونکی ہی یعنی سب
وقتون مین سی ساعت جمعہ مین امید قوی ہی قبولیت کی اور وقت ساعت جمعہ کا ہی مابین بیٹھنی
امام کیمنبر پر خطبہ کی اپنی تمام ہونی نماز تلک ط اور ایک روایت مین ساعت جمعہ کی یہہ ہی جس وقت
سی کہ قائم کیجاوی نماز سلام تلک رسی ط اور حال یہہ کہ دعا کرنیوالا کہڑا ہوا نماز پڑہتا ہو
اور کہا بعضون نی بیچ عصر کی غروب آفتاب تلک ط اور کہا بعضون نی آخر ساعت دن جمعہ کی
اور کہا بعضون نی بعد طلوع صبح صادق کی پہلی نکلنی آفتاب جمعہ کی اور کہا بعضون نی بیچ

آفتاب کی ﷺ اور گئی ہین ابوذر غفاری صحابی رضہ طرف اسکی کہ تحقیق وہ ساعت بیچ پچھلی
آفتاب کی ہی تہوڑا سا ایک ہاتہہ تلک ﷺ کہا مصنف حصن حصین کی نی کہتا ہون مین وہ جو اعتقاد کرتا ہون
یہہ ہی کہ تحقیق وہ ساعت ہی وقت پڑہنی امام کی الحمد کو نماز جمعہ مین تا وقت کہنی امام کی آمین کو
جمع کرنی کو درمیان حدیثونکی وہ جو صحیح ہوئی ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی جیسیکہ بیان کیا
اوسکو بیچ غیر اسجگہہ کی ﷺ اور کہا ہی نووی رحمہ اللہ نی شرح مسلم مین اور یہ صحیح بلکہ صواب یعنی
بہتر اور مناسب ہی کہ درست نہین ہی سوا اوسکی وہ چیز ہی کہ ثابت ہوئی صحیح مسلم مین حدیث
ابی موسی اشعری سی ﷺ ف اعمال روز جمعی کی یہہ ہین کہ جماع کری بی بی اپنی سی اور
لبین لواوی اور ناخن کترواوی اور نہاوی اور خوشبو لگاوی اور تیل ڈالی اور کنگہی کری
ڈاڑہی مین اور جو کچہہ میسر ہو صدقہ دی اور بعد زوال کی حاضر ہووی مجلس مین قوم اپنی کی اور مشغول
ذکر و دعا مین رہی غروب تلک کہ بحسب صحیح قول کی ساعت قبولیت دعا کی پہلی غروب کی ہی
اور بعد نماز جمعہ کی ملاقات کری بہائی مسلمانونسی اور عیادت کری بیمارونکی اور جنازی پر حاضر ہووی
اور زیارت قبور کی کری اور مجلس نکاح مین حاضر ہو اور طلب علم اور طلب رزق کی کری ساتہہ
کسب حلال کی اور کہی ستایس بار شب جمعہ اور دن جمعہ مین اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ
وَاَنَا عَبْدُکَ وَابْنُ اَمَتِکَ فِیْ قَبْضَتِکَ وَنَاصِیَتِیْ بِیَدِکَ اَمْسَیْتُ عَلٰی عَہْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ
بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ بِنِعْمَتِکَ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ فَاِنَّهٗ لَا

يغفر الذنوب الا انت اور جو کوئی عبادت کرتا ہی ترک جمعہ کی بغیر ضرورت
لکھا جاتا ہے منافق اوس کتاب مین کہ نہ محو کیجاتی ہی اور نہ بدلی جاتی ہی یعنی لوح محفوظ مین اور مہر کیے
اللہ تعالیٰ اوسکی دل پر اور نہین قبول کیجاتی ہی طاعت اور عبادت اوسکی اسطرح ثابت ہوا
حدیثون صحاح کیسے وظائف النبی ۱۲ **احوال الاجابت** یہہ بیان ہی حالتون قبولیت
دعا کا ۱۲ نزدیک اذان کی پہلی نماز کے ۱۲ اور درمیان اذان و تکبیر کی ۱۲ اور پیچھے حی علی
الصلوۃ حی علی الفلاح کی وسطے اوس شخص کی کہ اوتری اوسپر کرب با شدت ۱۲ اور نزدیک صف
جنگ کے اللہ کی راہ مین یعنی غزا مین ۱۲ اور نزدیک ملنی لڑائی والونکی کہ مارین بعضی اونکی
بعضونکو ۱۲ اور پیچھے نماز فرض کی ۱۲ اور بیچ سجدہ کی ۱۲ اور پیچھے پڑھنی قرآن کی ۱۲ اور خصوصاً
پیچھے ختم قرآن کی یعنی اسوقت مین بہت امید قبولیت کی ہی ۱۲ حضوصاً پڑھنی والیکی یعنی دعا
اوسکی بہت قبولیت رکھتی ہی سننی والیکی اور نزدیک پینی پانی زمزم کی ۱۲ اور نزدیک حاضر
ہونیکی پاس مرتی کی یعنی قریب المرگ کی یا مردیکی ۱۲ اور نزدیک صیاح یعنی آواز مرغونکی ۱۲ اور
نزدیک جمع ہونی مسلمانونکی ۱۲ اور مجلسون ذکر مین ۱۲ اور نزدیک کہنی امام کی ولا الضالین
اسوقت بہی فرشتی آمین کہتی ہین ۱۲ اور نزدیک آنکہہ بند کرنی میت کی یعنی بعد جان نکلنی کے
اور نزدیک تکبیر نماز کی ۱۲ اور نزدیک برسنی مینہہ کی ۱۲ روایت کیا اسکو شافعی نی بیچ کتاب ام کی
ارسال کی ۱۲ اور کہا کہ تحقیق یاد رکہتا ہون مین بہت علماء متقدمین سی یانا قبولیت کا نزدیک اترنی مینہہ کی

کہا مصنف نے کہتا ہوں میں اور نزدیک دیکہنے کعبے کے ۵ اور درمیان جلالتین یعنی دو نام رب
اللہ تعالیٰ کے سورہ انعام میں یاد رکہتے ہیں ہم اسکو مجرب بہت عالموں سے اور صریح بیان کیا ابن
اسبر کہ دعا جلالتین میں قبول ہوتی ہے حافظ عبد الرزاق رسعنی نے تفسیر اپنی میں شیخ عماد
مقدسی سے ۵ اماکن الاجابة مکان قبولیت دعا کے یعنی جہانکی قبولیت روایت کیگئی ہے
وہ مکان بزرگ ہیں یعنی مانند مساجد وغیرہ کے کہا حسن بصری رحمہ اللہ نے بیچ رسالہ اپنے کے کہ بہیجا تہا
طرف اہل مکہ کے تحقیق دعا قبول کیجاتی ہے اسجگہہ پندرہ جگہہ میں بیچ طواف کے یعنی جسکو مطاف
کہتے ہیں وقت طواف کے وہان دعا قبول ہوتی ہے اور نزدیک ملتزم کے ف ملتزم اسجگہہ کو
کہتے ہیں کہ درمیان دروازہ کعبے کے اور حجر اسود کے ہے لوگ وہان چمٹتے ہیں واسطے تبرک کے اسلیے ملتزم
نام رکہا گیا مقدار اوسکی اتنی ہے کہ ایک ہاتہ حجر اسود پر رکہیں تو دوسرا ہاتہ دروازہ کعبے پر پہنچے ۵
فقرہ اور نیچے پرنالہ کعبے کے اور اندر کعبے کے اور نزدیک زمزم کے یعنی قریب کہڑے ہونیکے قریب چاہ زمزم
کے وقت پینے پانی اوسکے اور صفا اور مروہ پر اور بیچ جگہہ دوڑنیکے درمیان صفا اور مروہ کے اور پیچہے
مقام ابراہیم کے یعنی بعد ادا کرنے دو رکعت طواف کے اور عرفات میں یعنی دن عرفہ کے حالت وقوف میں
اور بیچ مزدلفہ کے یعنی شب عید کے زوال سے صبح تک اور مزدلفہ میں یعنی عید کی صبح آفتاب کے نکلنے سے پہلے تک اور منا میں اور
نزدیک جمرات میں کے یعنی رمی کے کہا مصنف حصن حصین کے کہتا ہوں میں اور اگر نہ قبول کیجاوے
دعا نزدیک قبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس جگہہ میں قبول کیجاوے یعنی اسلیے کہ وہ افضل جگہوں

زمین کی ہی باوجود اسکی تحقیق ہم روایت کئی گئی ہین بیچ قبولیت دعا کی ملتزم مین حدیث
طریق اہل مکہ کیسیٖ ف حدیث مسلسل قسم حدیث کی ہی کہ راوی اسناد کی وقت روایت ایک حالت
ہون جیسیکہ سبہون نے قسم کہائی وقت روایت کی وغیرہ ذلک کذا ذکر علی اور مضمون حدیث کا یہہ ہی کہ ابن
عباس نے روایت کی کہ سنا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سی کی فرماتی ہی ملتزم ایک جگہہ ہی مقبول ہوتی ہی
اوسمین دعا۔ دعا نہین کرتا ہی اوسمین کوئی بندہ مگر کہ قبول کرتا ہی اللہ تعالے دعا اوسکی اور کہا راوی نے روایت
اس حدیث سی مصنف تک وقت روایت کی کہ قسم ہی اکی دعا نہ کی مینے اللہ تعالے سی ہرگز مگر کہ قبول کی
اللہ تعالی نی دعا میری ۱۲ فخر ۱۲ یہہ بیان ہی اونکا کہ قبول کیجاتی ہی دعا اونکی یعنی اکثر مقبول
ہوتی ہی ۱۲ ایک اونمین سی مضطر ہی ف یعنی غمزدہ مصیبت رسیدہ کہ اوسکو کوئی وسیلہ سوا اللہ تعالے
کی نہو شیخ داود طائی رحمہ اللہ ایک بیمار کی عیادت کو گئی کہ وہ مطلق امید حیات کی نرکہتا تہا اوسنی کہا ای شیخ
دعا کرو میری شفا کی لیے شیخ نی فرمایا کہ تو دعا کر کہ مضطر ہی تو اور دروازے قبولیت کی مضطر کے
دعا کی لیے کہلی ہین کیونکہ نیاز اوسکا زیادہ ہی اور اللہ تعالے نیاز مندون کو دوست رکہتا ہی فخر ۱۲
اور مظلوم ۱۲ اگرچہ ہو مظلوم گنہگار ۱۲ اگرچہ ہو مظلوم کافر ۱۲ اور باپ ۱۲ اور بادشاہ عدل کرنیوالا کی
حق اللہ کا اور بندونکا ادا کری ۱۲ اور آدمی صالح یعنی نیکبخت ۱۲ اور بیٹا سلوک کرنیوالا ساتہہ باپ اپنی کے
اور مسافر ۱۲ اور روزہ دار جسوقت کہ افطار کری یعنی افطار کی پہلی کہ وقت تضرع اور انکسار کا ہی
اور اگر بعد افطار کی مراد رکہین تو بہی جائز ہی ۱۲ اور مسلمان کہ دعا کری بہائی مسلمان اپنی کے

یعنی ۴ اور مسلمان جب تلک کہ نہ دعا کرے ساتھہ ارادہ ظلم کے کسی پر یا کاٹنے ناتے کے یا جب تلک
جلدی نہ کرے دعا کے یعنے لپیٹ قبولیت کیا گیا ہیں یعنی مسلمان کی دعا مقبول ہوتی ہے جب تلک ظلم کے لیے یا
قطع رحم کے لیے نکرے یا جب تلک کہ نکہے دعا کرے میں قبول نکی گئی جب یہہ کہتا ہے نہیں قبول ہوتی
تحقیق وہ جو ہے اللہ لب بچاوے بزرگ کے بندے کو آزاد ہیں یعنی دوزخ کی آگ سے ہر دن اور ہر رات میں واسطے
ہر بندے کے ان میں سے ایک دعا مقبول ہے ۵ اور اسم اعظم بہت بڑا نام اللہ تعالے کا وہ جو جب دعا
کیا جاوے اللہ ساتھہ اسکے قبول کرتا ہے یعنی اکثر مقبول ہوتی ہے یا جب بیشتر میں دعا کی پائی جاوے اور جب
مانگا جاتا ہے ساتھہ اسکے دیتا ہے پاس آتے ہیں ہے ف جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فضیلت اسکے
بیان فرمائی تو یہہ بھی فرمایا کہ دعا یونس علیہ السلام کی بھی آتی تھی ایک شخص نے عرض کیا کہ آیا
واسطے یونس ہی کے تھی خاص کر کر یا سب مومنوں کے لیے فرمایا کیا نہیں سنتے ہو تم قول اللہ تعالے کا
فَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذَٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِينَ اور ظاہر یہہ ہے کہ اسم اعظم ہمارا الہی
نجات دی ہم نے اسکو غم سے اور اسی طرح نجات دیتے ہیں ہم ایمان والوں کو
میں پوشیدہ ہے مانند لیلۃ القدر کے لیکن جمہور کہتے ہیں کہ اسم اعظم لفظ اللہ کا ہے لیکن قطب ربانی
شیخ عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ شرط اسکی کہ اللہ تعالی کہے تو اور نہو تیرے دلمیں سوائے
اسکے کوئی جب تاثیر اسکی ہوگی اور حضرت زین العابدین رضی اللہ عنہ نے سوال کیا رب العزت سے
کہ تعلیم کرے مجھکو اسم اعظم پس دیکھا یا اللہ تعالے نے خواب میں کہ اسم اعظم یہہ ہے هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ
إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ اور بہت سے اقوال اولیاء اللہ کے اسمیں وارد ہوئے ہیں چنانچہ

فہرست وظیفۂ مسنون کا